
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: عظمیٰ رضوی

تیسری جماعت کے لئے

## ٹپ ٹپ ٹپ









تحریر: عبداللہ اطہر
تصویریں: سید شمعون

**ٹیچر کیلئے نوٹ**

- کتاب ٹپ ٹپ ٹپ میں بچوں کو آسان اور دلچسپ انداز میں پانی کی کہانی خود اس کی زبانی سنائی گئی ہے۔
- اس کتاب کا مقصد بچوں میں ماحولیاتی آگاہی بڑھانا اور ان کو پانی کی اہمیت اور اس کا ہماری عام زندگیوں میں کردار سمجھانا ہے۔
- یہ کتاب تیسری جماعت میں پڑھائی جائے۔ یہ ایک تجویز ہے ٹیچر بچوں کی ذہنی صلاحیت کے مطابق اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہوگا۔

## سیشن 1

**5 منٹ**

- ٹیچر بچوں سے کتاب ٹپ ٹپ کھولنے کے لئے کہیں۔
- پھر آہستہ آہستہ تاثرات کے ساتھ کتاب پڑھ کر سنائیں۔
- ٹیچر کلاس کے چھ بچوں کو بلوائیں۔ پہلے ایسے تین بچوں کو جنہیں پڑھنا آتا ہو بلوا کر پڑھائی کروائیں پھر تین نسبتاً کمزور بچوں کو بلوا کر پڑھائی کروائیں۔ اگر بچوں کو پڑھنے میں دشواری پیش آئے تو ٹیچر ان کی اصلاح کریں۔

**20 منٹ**

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان کو یہ کتاب کیسی لگی۔ جن کو پسند آئی ان سے ان کی پسندیدگی کی وجوہات پوچھیں اور جن کو نہ پسند آئی ان سے بھی وجوہات ضرور پوچھیں۔ بچوں کی رائے کا احترام کریں۔ فوراً ان کی کہی بات کو غلط ثابت نہ کریں۔
- بچوں سے بات چیت کریں کہ ان کے ذہن میں پانی کے کیا کیا فوائد اور استعمال کے طریقے آتے ہیں۔ مثلاً

  1 پانی پینے کے لئے۔ 2 برتن اور کپڑے دھونے نہانے کے لئے

  3 پودوں کو اگانے کے لئے۔ 4 بجلی کی پیداوار بھی پانی کے ذریعے ہوتی ہے۔
- بچوں سے پوچھیں کہ پانی کے مختلف قدرتی اجسام (Natural Water Bodies) کیا ہیں۔
- پہلے بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔ پھر انہیں بتائیں سمندر، جھیلیں، دریا، بارش، تالاب، آبشار، ندیاں، برف کے گلیشیئر وغیرہ وہ قدرتی ذرائع ہیں جن سے ہمیں پانی ملتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی پوچھیں کہ انسانوں کی بنائی ہوئی پانی کی storage یا رسائی کے ذرائع کیا ہیں۔ پہلے بچوں سے جواب پوچھیں پھر انہیں بتائیں کہ مصنوعی طریقے سے پانی جمع کرنے کے مختلف طریقے ہوتے ہیں مثلاً

ڈیم، ٹیوب ویل، نہریں وغیرہ۔

- اب بچوں سے پوچھیں کہ آپ گھر میں پانی جمع کرنے کے کیا طریقے دیکھتے ہیں۔ (کم از کم تین طریقے بتائیں۔ مثلاً)
- نہانے، دھونے اور پینے کے لئے چھت پر بنا ٹینک۔
- گھر میں صرف پینے کے استعمال کے لئے واٹر کولر۔
- اکثر باتھ روم میں نہانے کے لئے بالٹی بھی استعمال کرنا پڑتی ہے۔

20 منٹ

- اب ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ہم کتاب میں استعمال کئے گئے حرکت والے الفاظ یعنی Verbs پڑھیں گے۔ ٹیچر الفاظ پڑھ کر سنائیں مثلاً گر رہے تھے۔ برستی۔ چمکتی۔ بہتا۔ چلتے ہیں۔ بسائے ہوئے۔ مٹاتے ہیں۔ وغیرہ۔
- اب ان الفاظ کی اصلی حالتوں جیسے گرنا۔ برسنا۔ چمکنا وغیرہ کو ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ کل قینچی، واٹر کلر اور برش لائیں۔ ٹیچر اگلی کلاس کے لئے برفیلے پہاڑوں، سمندروں، پانی کے جہازوں، آبی جانوروں کی تصاویر رسالوں اخباروں یا کتابوں میں سے ڈھونڈ کر لائیں۔ اگر بچے بھی پرانے رسالے لا سکتے ہیں تو ان سے بھی منگوائیں۔ یہ ہدایات ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے اپنی کاپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 2

45 منٹ

- آج ٹیچر بچوں کو 5 یا 6 کے گروپوں میں بانٹ کر بٹھائیں اور انہیں تصویروں والے رسالے وغیرہ دیکھنے کے لئے دیں۔
- اب ہر بچے کو کاغذ دیں اور ان سے کہیں کہ وہ دریاؤں، سمندروں، آبی جانوروں (مثلاً مچھلیاں، کیکڑے) پہاڑوں، جہازوں، کشتیوں، ڈیم، ٹیوب ویل وغیرہ کی تصاویر بنائیں اور ان میں رنگ بھریں۔
- بچوں کو رنگ بھرنے کا خوب موقع دیں اور ساتھ ساتھ انہیں یہ بھی بتائیں کہ واٹر کلر کرنا بھی پانی کا ایک استعمال ہے۔
- اس کے بعد بچے کاغذ کے کچھ بڑے ٹکڑوں کو نیلا رنگ کریں۔

- پھر ان کاغذات کو لہروں کی شکل میں کاٹ لیں۔
- اب تمام بچے مل کر اپنی بنائی ہوئی تصاویر اور لہریں سوفٹ بورڈ یا اگر ممکن ہو تو کلاس کی چاروں دیواروں پر چسپاں کریں تا کہ یہ محسوس ہو کہ ان کے چاروں طرف پانی ہی پانی ہے۔
- کسی دوسرے کلاس کے بچوں کو بلا کر یہ تصویریں دکھائیں اس کام میں ٹیچر آرٹ ٹیچر کی مدد بھی لے سکتی ہیں۔

## سیشن 3

20 منٹ

- آج ٹیچر کچھ اور بچوں سے کتاب پڑھوانے کی مشق کروائیں۔ پھر ٹیچر بچوں سے پانی سے متعلق بات چیت کریں۔

25 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کے علاقے میں یا گھروں میں پانی کا کوئی مسئلہ ہے اور اگر ہے تو کیا ہے؟ کیا پانی گندہ آتا ہے یا نہیں آتا۔
- گٹر ابلتے ہیں یا کہیں پائپ لائن تو نہیں پھٹ گئی۔
- بچوں کو اس موضوع پر بولنے اور مسائل کے حل تجویز کرنے کا موقع دیں۔
- پھر ان سے پوچھیں کہ کیا وہ کبھی کسی جھیل، دریا، سمندر، ڈیم یا نہر وغیرہ پر گئے ہیں اور وہاں انہوں نے کیا کیا دیکھا۔ بچے یقیناً کچھ جوابات دیں گے۔ پھر ٹیچر بات آگے بڑھاتے ہوئے پوچھیں۔
- کیا انہوں نے کوئی آبی جانور (مثلاً مچھلی کیکڑے وغیرہ) یا آبی پرندے بھی دیکھے۔ سمندر میں دریا میں جہاز اور کشتیاں کس طرح چلتی ہیں۔ ٹیوب ویل یا ڈیم سے پانی کس طرح نکلتا ہے۔ اس قسم کے سوالوں پر ان کے جوابات غور سے سنیں۔
- اس کے علاوہ سمندری غذا کے بارے میں بھی بات چیت کی جاسکتی ہے۔ مثلاً (مچھلی سب شوق سے کھاتے ہیں۔ مچھلی White Meat کا بہترین ذریعہ ہے۔ جو انسان کو مختلف بیماریوں سے بچاتا ہے۔)
- پھر بچوں کو بتائیں کہ دنیا میں پانی کے ذخائر دن بدن کم ہوتے جا رہے ہیں اور ہمیں اس نعمت کو استعمال کرنے میں احتیاط سے کام لینا چاہئے تا کہ یہ ضائع نہ ہو۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ وہ کس طرح پانی کی بچت کر سکتے ہیں۔ ہر بچہ اپنی کاپی میں کوئی ایسے دو طریقے لکھے جو اسے سب سے بہتر لگتے ہیں۔ مثلاً نہاتے، منہ ہاتھ دھوتے وقت پانی کم بہائیں۔ دانت برش کرتے وقت نل کھلا نہ چھوڑیں۔ ٹوٹے ہوئے پائپ بدلوائیں وغیرہ۔

| | | |
|---|---|---|
| گھر کا کام | • | بچوں سے کہیں کہ وہ گھر جا کر پانی کی بچت اور اصولوں پر عمل کریں اور اپنے گھر والوں اوردوستوں کو بھی یہ اصول بتائیں۔ پانی کی بچت کے حوالے سے کلاس میں مضمون لکھوایا جائے گا۔ گھر سے مختلف کتابیں اور رسالے پڑھیں' بڑوں سے اس سلسلے میں بات کریں اور تیاری کر کے آئیں۔ اپنی امی سے پوچھ کر آئیں کہ وہ گھر میں پانی کی بچت کے لئے کون سا طریقہ استعمال کرتی ہیں۔ |

## سیشن 4

| | | |
|---|---|---|
| 15 منٹ | • | آج بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے پانی کی بچت کے اصولوں پر کس طرح عمل کیا۔ بچوں کو اختصار کے ساتھ بولنے کا موقع دیں |
| | • | پھر پوچھیں کہ آپ کی امی جو بچت کا طریقہ استعمال کتی ہیں کیا آپ کو وہ صحیح لگتا ہے۔ کچھ بچوں سے جواب بھی پوچھیں۔ |
| 30 منٹ | • | بچے پانی کی اہمیت اور اس کی بچت کے متعلق ایک مضمون لکھیں۔ جب بچے مضمون لکھ لیں تو دو تین بچوں سے کلاس میں پڑھوائیں اور ہمت افزائی کریں۔ اگر وقت باقی ہو تو بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ |
| گھر کا کام | • | بچے کتاب کو غور سے پڑھ کر آئیں۔ کل املا لیا جائے گا۔ |

## سیشن 5

| | | |
|---|---|---|
| 25 منٹ | • | بچے املا کی تیاری کر کے آئے ہوں گے۔ ٹیچر کتاب میں سے 20 الفاظ کا املا کروائیں۔ املا کے اختتام پر آپس میں کاپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر بورڈ پر املا کے الفاظ لکھیں اور بچے انہیں دیکھ کر املا کی جانچ کریں اور نمبر دیں۔ |
| 20 منٹ | • | بچے کلاس میں پانی سے متعلق ایک نظم ترتیب دیں۔ اس کا طریقہ اس طرح ہوگا۔ بچے پانچ پانچ کے گروپ میں بیٹھیں۔ ہر گروپ ایک چھوٹی سی نظم ترتیب دے۔ |
| | • | بعد میں مختلف نظمیں باری باری پڑھی جائیں۔ اس موقع پر ٹیچر بچوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں۔ |

# ٹپ ٹپ ٹپ

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories